## ایم کیوایم برطانیہ کے سابق آرگنائزر سید محمد اکبر طویل علالت کے بعد جمعہ کو انتقال کر گئے
## مرحوم گزشتہ کئی برسوں سے دل اور گردے کے عارضے میں مبتلا تھے اور لندن کے اسپتال میں زیر علاج تھے
## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن کے ارکان نے مرحوم کی رہائش گاہ فون کر کے محترمہ صفیہ اکبر سے دلی تعزیت کی

لندن۔۔۔9،مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ یو کے یونٹ کے سابق آرگنائزر اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین لندن کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کے شوہر سید محمد اکبر طویل علالت کے بعد جمعہ کے روز لندن کے مقامی اسپتال میں انتقال کر گئے ۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) سید محمد اکبر کی عمر 79 سال تھی اور وہ گزشتہ کئی برسوں سے دل اور گردے کے عارضے میں مبتلا تھے۔ چند روز قبل ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی تھی جس کے باعث انہیں لندن کے علاقے ٹوٹنگ میں واقع سینٹ جارج اسپتال میں داخل کرایا گیا جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جارہی تھی تاہم وہ ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے اور جمعہ کے کی دوپہر تقریباً ساڑھے تین بجے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔سید محمد اکبر مرحوم 1999ء سے 2001ء تک ایم کیوایم یو کے یونٹ کے آرگنائزر کے طور پر تنظیمی خدمات انجام دیتے رہے ہیں۔وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے اور ایم کیوایم کے تنظیمی پروگراموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کرتے تھے۔مرحوم پیشہ کے اعتبار سے وکیل تھے اور سندھ بار ایسوسی ایشن کے رکن بھی رہ چکے ہیں بعد ازاں وہ برطانیہ چلے آئے اور انہوں نے برطانیہ کے فارن سروس کے محکمہ میں ملازمت اختیار کرلی اور 1973ء میں اپنی ملازمت سے ریٹائر ہوگئے۔مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ، دوصاحبزادے اور چار صاحبزادیاں شامل ہیں۔سید محمد اکبر کے انتقال کی خبر سے ایم کیوایم برطانیہ کے ذمہ داران اور کارکنان گہرے صدمہ کا شکار ہیں۔دریں اثناء سید محمد اکبر کے انتقال کی خبر ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی لندن کے ارکان نے مرحوم کی رہائش گاہ فون کر کے محترمہ صفیہ اکبر سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔بعد ازاں ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی ارکان نے مرحوم کی رہائش گاہ جا کر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## سید محمد اکبر کے انتقال سے ایم کیوایم کے کارکنان ایک مشفق بزرگ سے محروم ہوگئے، الطاف حسین
## سید محمد اکبر اور ان کے اہل خانہ کی تنظیمی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا
## ایم کیوایم برطانیہ کے سابق آرگنائزر سید محمد اکبر کے انتقال پر اظہار تعزیت

لندن۔۔۔9،مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم یو کے یونٹ کے سابق آرگنائزر اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی انچارج محترمہ صفیہ اکبر کے شوہر سید محمد اکبر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے سید محمد اکبر کی تنظیمی خدمات کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ سید محمد اکبر کے انتقال سے ایم کیوایم کے کارکنان ایک مشفق بزرگ اور بے لوث کارکن سے محروم ہوگئے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ نامساعد حالات میں سید محمد اکبر اور ان کے اہل خانہ کی تنظیمی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا اور مرحوم ایم کیوایم کے کارکنان کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن اعجاز قریشی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9،مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یونٹ یوسی 3 کے کارکن اعجاز قریشی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## کوئٹہ میں بم دھماکہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔9مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ میں بم دھماکہ کے نتیجہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کی جان ومال سے کھیلنے والے مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کا یہ عمل ملک میں امن اماں کی صورتحال کو غارت کرنے اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں بم دھماکہ کے واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے اوراس کے ذمہ داروں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزادی جائے۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکہ میں جاں بحق ہونے والے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد مکمل صحت یابی کے لئے دعا بھی کی۔

## امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن کی ایم کیوایم کے رہنماؤں سے نائن زیرو پر ملاقات

کراچی۔۔۔9مئی 2008ء

امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے جمعہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینر وقومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر رہنماؤں سے ملاقات کی۔کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل کے این اینکسی اور امریکی سفارتکار ڈاکٹر کولنز بھی ان کے ہمراہ تھیں اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن بابر خان غوری ،قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی، سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر سردار احمد، کراچی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل، رکن قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت اور ڈپلومیٹ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر خاور مہدی بھی موجود تھے۔ملاقات میں امریکی سفیر اور ایم کیوایم کے رہنماؤں کے درمیان کے دہشت گردی کے خلاف جنگ،صوبہ سرحد اور قبائلی علاقوں کی صورتحال اور ملکی وبین الاقوامی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

## فاروق ستار کی برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر Robert Gibson اور Simon Williams سے مقامی ہوٹل میں ملاقات

کراچی۔۔9مئی 2008ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز وقومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کراچی کے مقامی ہوٹل میں برٹش ڈپٹی ہائی کمشنر MR.Robertgison اور ڈپٹی ہیڈ آف مشن Mr.Simon Williams سے خصوصی ملاقات کی۔ ملاقات ایک گھنٹے سے جاری رہی جس میں دوطرفہ رابطوں کو مضبوط بنانے پر مکمل اتفاق کیا گیا اور پاکستان کی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزراء سید فیصل سبزواری اور محترمہ نادیہ گبول بھی ان کے ہمراہ موجود تھی۔

## مسلح دہشت گردون نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن اعجاز قریشی کو شہید کردیا

کراچی۔۔۔9مئی 2008ء

مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یونٹ یوسی 3 کے کارکن اعجاز قریشی کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق اعجاز قریشی اپنی رہائشگاہ کے باہر بیٹھے تھے کہ مسلح افراد نے ان پر اندھادھند فائرنگ کردی۔ اعجاز قریشی کو کئی گولیاں لگیں جس سے وہ موقع پر ہی شہید ہوگئے۔اعجاز قریشی شہید کی عمر 32 سال تھی اوران کے سوگواران میں 4 بھائی اور پانچ بہنیں شامل ہیں۔اعجاز قریشی شہید کو مورڑہ قبرستان شیر شاہ میں سپردخاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ بعد نماز جمعہ جامع مسجد بہار کالونی میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،حق پرست اراکین سندھ اسمبلی طاہر قریشی ،شعیب ابراہیم،حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور، ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین، آگرہ تاج سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ دریں اثناء اعجاز قریشی شہید کا سوئم 11 مئی بروز اتوار کو بعد نماز عصر تا مغرب جامعہ مسجد بہار کالونی آگرہ تاج کالونی میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی

وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اعجاز قریشی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس واردات کوشہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس سے قبل بھی ایم کیوایم کے کئی کارکنان مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کا نشانہ بن چکے ہیں لیکن کراچی میں قتل وغارتگری پرواویلا مچانے والی سیاسی ومذہبی جماعتوں کی ایم کیوایم کے کارکنان کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں پرخاموشی اختیار کرنا قابل مذمت ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم شہراورصوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے ماضی میں بھی بڑی سے بڑی قربانی دیتی آئی ہے اورآج بھی ایم کیوایم کے کارکنان ہرکڑی آزمائش کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان اتحاد، بھائی چارہ قائم رکھیں اور مسلح دہشت گردوں کی کارروائیوں پر اشتعال انگیزی کے بجائے صبروتحمل کا مظاہرہ کریں تاکہ شہراورصوبے کے امن کو برقرار رکھا جاسکے۔ رابطہ کمیٹی نے اعجاز قریشی شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اوردعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر پرویز مشرف اوروزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ اعجاز قریشی شہید کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے۔

## سانحہ 12 مئی کے شہداء کی پہلی برسی متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام پیر 12 مئی کومنائی جائے گی

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں قرآن وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد کیا جائے گا

کراچی۔۔۔9مئی 2008ء

سانحہ 12 مئی 2007ء میں شہید ہونے والے ایم کیوایم کے 14 شہید کارکنان کی پہلی برسی پیر 12 مئی کومتحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام انتہائی عقیدت واحترام سے منائی جائے گی۔ اس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں بعد نماز ظہر تاعصر 12 مئی کے شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی اورتمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سانحہ 12 مئی کے شہداء کی برسی کے موقع پرشہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے منعقدہ قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## نوشہرو میں ٹریفک حادثہ کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق وزخمی ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔9مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نوشہرو کے علاقے جی ٹی روڈ پرٹریفک حادثہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے حادثہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔ رابطہ کمیٹی نے حادثہ میں زخمی ہونے والے افراد کیلئے جلد صحتیابی کیلئے بھی دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆